WWW.ALKALAM.PK

نماز سیکھنے کا اہم نقشہ

ہماری نمازیں درست ہیں یا نہیں؟

مرتّب

مولانا ظہور احمد عباسی

Arranged by: Abu Zubair Composed by: Junaid Hassan

E-mail:
inbox0313@yahoo.com

آیئے درج ذیل نقشہ دیکھ کر اپنی نمازوں کی خامیوں کو دور کریں

بھولے سے فرض چھوڑنے پر نماز کا حکم

اگر نماز میں فرض چھوٹ جائے تو نماز فاسد ہو جاتی ہے اور دوبارہ ادا کرنی ہوتی ہے

بھولے سے واجب چھوڑنے پر نماز کا حکم

اگر نماز میں واجب چھوٹ جائے تو نماز فاسد نہیں ہوتی بلکہ سجدہ سہو کے کرنے سے نماز ہو جاتی ہے

بھولے سے سنت چھوڑنے پر نماز کا حکم

نماز میں اگر سنت چھوٹ جائے تو نماز ہو جاتی ہے لیکن سنت کا ثواب نہیں ملتا

نقشہ برائے نماز (فرض، واجب اور سنت)

تکبیر تحریمہ	فرض
قیام	فرض
ہاتھوں کو کانوں تک اٹھانا	سنت
ہاتھ باندھنا	سنت
ثناء کا پڑھنا	سنت
تعوذ (یعنی اعوذ باالله من شیطن الرجیم)	سنت

تسمیہ (یعنی بسم اللہ الرحمن الرحیم)	سنت
قراۃ (تین آیت کے مقدار قراۃ فرض ہے)	فرض
سورہ فاتحہ	واجب
سورۃ کا ملانا	واجب
تکبیر	سنت
رکوع	فرض
تسبیح (سبحان ربی العظیم کہنا)	سنت
تسمیع (سمع للہ لمن حمدہ کہنا)	سنت
قومہ (رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا)	واجب
تحمید (ربنا و لک الحمد کہنا)	سنت
تکبیر	سنت
سجدہ	فرض
تسبیح (سبحان ربی الاعلیٰ کہنا)	سنت
تکبیر	سنت
جلسہ (دونوں سجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھنا)	واجب
جلسے کی دعا (رب اغفرلی ۳ مرتبہ)	سنت
تعدیل (یعنی ہر رکن کو سکون و اطمینان کے ساتھ ادا کرنا)	واجب
قعدہ اولیٰ (دو رکعتوں کے بعد بیٹھنا)	واجب

WWW.ALKALAM.PK

تشہد (التحیات کا پڑھنا)	واجب
تشہد پڑھتے وقت شہادت کی انگلی کا اٹھانا	سنت
قعدہ آخرہ (آخری رکعت میں بیٹھنا)	فرض
درود شریف	سنت
دعا	سنت
لفظ سلام	واجب
دائیں بائیں گردن پھیرنا	سنت
وتر میں دعائے قنوت کا پڑھنا	واجب
دعائے قنوت کے لئے تکبیر یعنی اللہ اکبر کہنا	واجب

مفسدات نماز یعنی جن چیزوں سے نماز ٹوٹ جاتی ہے

01 بات کرنا خواہ تھوڑی ہو خواہ بہت قصداً ہو یا بھول کر۔

02 سلام کرنا یا سلام کا جواب دینا۔

03 چھینکنے والے کے جواب میں یرحمک اللہ کہنا۔

04 رنج کی خبر سن کر انا للہ و انا الیہ راجعون پورا یا تھوڑا سا پڑھنا یا اچھی خبر سن کر الحمدللہ کہنا یا عجیب خبر سن کر سبحان اللہ کہنا۔

05 دکھ تکلیف کی وجہ سے آہ، اوہ یا اُف کرنا۔

06 اپنے امام کے سوا کسی دوسرے کو لقمہ دینا۔

07 قرآن شریف دیکھ کر نماز میں پڑھنا۔

08 پڑھنے میں ایسی غلطی کرنا جس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے ۔
(جس کی تفصیل بڑی کتابوں میں لکھی ہے)

09 عملِ کثیر یعنی زیادہ کام کرنا مثلاً ایسا کام کرنا جسے دیکھنے والا یہ سمجھے کہ یہ شخص نماز نہیں پڑھ رہا ہے یا مثلاً ایک ساتھ دونوں ہاتھوں سے کوئی کام کرنا۔

10 قصداً یا بھول کر کچھ کھانا پینا۔

11 قبلہ سے سینہ کا پھر جانا۔

12 درد یا مصیبت کی وجہ سے اس طرح رونا کہ آواز میں حروف نکل جائیں۔

13 نماز میں ایسی آواز سے ہنسنا جسے کم از کم خود سن لے۔

14 امام سے آگے بڑھ جانا۔

WWW.ALKALAM.PK